مسنون دعائیں

مؤلف

مفتی عبدالوہاب حسن

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الحمد للہ و کفٰی و سلام علی عبادہ الذین اصطفٰی امابعد

اللہ ﷻ کا ہم سب پر احسانِ عظیم ہے کہ اس نے ہمیں جنابِ رسول اللہ ﷺ کا امتی ہونے کا شرف عطا فرمایا، ہمیں آپ ﷺ کے امتی ہونے کی حیثیت سے اور آپ ﷺ کے ہم سب پر کتنے احسانات ہیں تو ہمیں آپ ﷺ کی تعلیمات پر عمل کرنا چاہیئے اور آپ ﷺ کی محبت اور قرب حاصل کرنا چاہیئے اور آپ ﷺ کا قرب حاصل کرنے کا بہترین ذریعہ آپ ﷺ کی مبارک سنتوں اور آپ ﷺ کی پیاری پیاری ہر موقع و محل کی دعاؤں کے پڑھنے کا اہتمام کرنا چاہیئے، اور ہمیں اپنے بچوں کو بھی اُن دعاؤں کو بچپن سے ہی پڑھنے کی عادت ڈالنی چاہیئے تاکہ وہ بڑے ہو کر آپ ﷺ کی مبارک زندگی کے مطابق اپنی زندگی گذارنے والے بن جائیں، اسی کے پیشِ نظر یہ مختصر سی کوشش کررہا ہوں کہ روزمرہ کی دعاؤں کو جو آپ ﷺ سے صحیح سند کے ساتھ ہم تک پہنچی ہیں اُن دعاؤں کو اس تحریر میں جمع کروں، اور دعاؤں کے اعراب اور ترجمہ بھی لکھوں اور ہر دعا کو بحوالہ تحریر کروں، اصل بہت سارے بچے دعائیں تو یاد کرتے ہیں مگر اس میں کئی غلطیاں سامنے آئی ہیں، اور یہی اس تحریر کے لکھنے کی وجہ بنی۔

اللہ ﷻ سے دعا ہے کہ وہ ہمیں صحیح معنوں میں آپ ﷺ کی مبارک زندگی کا اتباع کرنے کی توفیق عطا فرمائے اور آپ ﷺ کی پیاری پیاری دعاؤں کے پڑھنے کا اہتمام کرنے کی توفیق عطا فرمائے اور اس تحریر کو مقبول عام و خاص فرمائے۔ آمین یارب

عبدالوہاب حسن غفرلہ ولوالدیہ

۲۴ / رجب المرجب / ۱۴۴۵ھ بمطابق ۵ / فروری / ۲۰۲۴ء

بسم اللہ الرحمن الرحیم

(۱) کھانا کھانے سے پہلے کی دعا

بِسْمِ اللّٰهِ وَعَلٰى بَرَكَةِ اللّٰهِ[1]

ترجمہ: اللہ سبحانہ وتعالیٰ کے نام اور اس کی برکت سے کھانا کھاتا / کھاتی ہوں۔

(۲) اگر شروع میں دعا پڑھنا بھول جائے تو یہ دعا پڑھیں

بِسْمِ اللَّهِ أَوَّلَهُ وَآخِرَهُ[2]

ترجمہ: اس کھانے کے اول میں آخر میں اللہ سبحانہ وتعالیٰ کے نام کے ساتھ میں کھاتا / کھاتی ہوں۔

(۳) کھانا کھانے کے بعد کی دعا

الْحَمْدُ لِلَّهِ الَّذِي أَطْعَمَنَا وَسَقَانَا وَجَعَلْنَا مُسْلِمِينَ[3]

ترجمہ: تمام تعریفیں اللہ سبحانہ وتعالیٰ کے لئے ہیں جس نے ہمیں کھلایا، اور ہمیں پلایا اور ہمیں مسلمان بنایا۔

(۴) دستر خوان اٹھتے وقت کی دعا

الْحَمْدُ لِلهِ حَمْدًا كَثِيرًا طَيِّبًا مُبَارَكًا فِيهِ غَيْرَ مُوَدَّعٍ وَلَا مُسْتَغْنًى عَنْهُ رَبَّنَا[4]

ترجمہ: تمام تعریفیں اللہ سبحانہ وتعالیٰ کے لئے ہیں، ایسی تعریف جو بہت ہو، اور پاکیزہ ہو اور بابرکت ہو، اے

---

[1] سلاح المؤمن فی الدعا والذکر: ۳۹۳-۳۹۴

[2] عمل الیوم واللیلۃ: ۴۰۹

[3] عمل الیوم واللیلۃ: ۴۱۵

[4] سنن الترمذی: ۵ / ۴۵۱

ہمارے رب! ہم اس کھانے کو کافی سمجھ کر یا بالکل رخصت کر کے یا اس سے غیر محتاج ہو کر نہیں اٹھ رہے ہیں۔

(۵) دودھ پینے کے بعد کی دعا

اللَّهُمَّ بَارِكْ لَنَا فِيهِ وَزِدْنَا مِنْهُ[۵]

ترجمہ: اے اللہ! ہمارے لئے اس میں برکت عطا فرما اور ہمیں اور زیادہ عطا فرما۔

(۶) گھر سے نکلتے وقت کی دعا

بِسْمِ اللهِ تَوَكَّلْتُ عَلَى اللهِ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللهِ[۶]

ترجمہ: اللہ ﷻ کے نام کے ساتھ گھر سے نکلتا / نکلتی ہوں، گناہوں سے بچنے کی طاقت اور نیک کام کرنے کی توفیق اللہ ﷻ کے فضل سے ہی ملتی ہے۔

(۷) گھر میں داخل ہونے کی دعا

اللَّهُمَّ إِنِّي أَسْأَلُكَ خَيْرَ الْمَوْلِجِ، وَخَيْرَ الْمَخْرَجِ، بِسْمِ اللَّهِ وَلَجْنَا، وَبِسْمِ اللَّهِ خَرَجْنَا، وَعَلَى اللَّهِ رَبِّنَا تَوَكَّلْنَا[۷]

ترجمہ: اے اللہ! میں آپ سے بہترین داخل ہونے کی جگہ اور بہترین نکلنے کی جگہ کا سوال کرتا / کرتی ہوں، اللہ ﷻ کے نام کے ساتھ ہی ہم داخل ہوئیں، اور اللہ ﷻ کے نام کے ساتھ ہی ہم نکلیں، اور ہم نے اللہ ﷻ ہی پر توکل کیا۔

---

[۵] سنن الترمذی: ۵ / ۴۵۰

[۶] سنن الترمذی: ۵ / ۴۲۶

[۷] سنن ابی داؤد: ۴ / ۳۲۵

(۸) مسجد میں داخل ہوتے وقت کی دعا

اَلسَّلَامُ عَلٰی رَسُوْلِ اللهِ ، اَللَّهُمَّ افْتَحْ لِي أَبْوَابَ رَحْمَتِكَ[۸]

ترجمہ: سلام ہو رسول اللہ ﷺ پر، اے اللہ! میرے لئے اپنی رحمت کے دروازے کھول دیں۔

(۹) مسجد سے باہر نکلتے وقت کی دعا

اَللَّهُمَّ إِنِّيْ أَسْأَلُكَ مِنْ فَضْلِكَ[۹]

ترجمہ: اے اللہ! میں آپ سے آپ کے فضل کا سوال کرتا / کرتی ہوں۔

(۱۰) سونے سے پہلے کی دعا

اَللّٰهُمَّ بِاسْمِكَ اَمُوْتُ وَ اَحْیٰی[۱۰]

ترجمہ: اے اللہ! میں آپ کا نام کے ساتھ مرتا / مرتی اور جیتا / جیتی ہوں۔

(۱۱) سو کر اٹھنے کے بعد کی دعا

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِي أَحْيَانَا بَعْدَ مَا أَمَاتَنَا وَإِلَيْهِ النُّشُورُ[۱۱]

ترجمہ: تمام تعریفیں اللہ ﷻ کے لئے ہیں جس نے ہمیں موت دینے کے بعد زندہ کیا اور اسی کی طرف ہی لوٹ کر جانا ہے۔

---

[۸] عمل الیوم واللیلۃ:۷۷

[۹] عمل الیوم واللیلۃ: ۱۳۴

[۱۰] صحیح البخاري:۸ / ۷۱

[۱۱] عمل الیوم واللیلۃ: ۱۱

(۱۲) بیت الخلاء میں داخل ہونے سے پہلے بسم اللہ [۱۲] پڑھیں پھر یہ دعا پڑھیں

اللَّهُمَّ إِنِّي أَعُوذُ بِكَ مِنَ الْخُبُثِ وَالْخَبَائِثِ [۱۳]

ترجمہ: اے اللہ! میں آپ کی پناہ چاہتا ہوں، خبیث جنوں سے مرد ہو یا عورت۔

(۱۳) بیت الخلاء سے نکلنے کے بعد کی دعا

غُفْرَانَکَ [۱٤] ، **الْحَمْدُ لِلَّهِ الَّذِي أَذْهَبَ عَنِّي الْأَذَى وَعَافَانِي** [۱٥]

ترجمہ: اے اللہ! آپ سے مغفرت کا سوال کرتا/کرتی ہوں، تمام تعریفیں اللہ ﷻ کے لئے ہیں جس نے مجھ تکلیف دہ چیز کو دور کیا اور مجھے عافیت عطا فرمائی۔

(۱۴) بازار میں داخل ہونے کی دعا

لَا إِلَهَ إِلَّا اللهُ، وَحْدَهُ لَا شَرِيكَ لَهُ، لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ، يُحْيِي وَيُمِيتُ، وَهُوَ حَيٌّ لَا يَمُوتُ، بِيَدِهِ الْخَيْرُ، وَهُوَ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ [۱٦]

ترجمہ: نہیں کوئی سوائے اللہ ﷻ، وہ اکیلا ہے، اس کا کوئی شریک نہیں، اسی کی بادشاہت ہے اور اسی کے لئے تمام تعریفیں ہیں، وہی زندہ کرتا ہے اور موت دیتا ہے، اور وہ زندہ ہیں (کبھی) نہیں مرے گا، اسی کے ہاتھ میں بھلائی ہے، اور وہ ہر چیز پر قادر ہے۔

---

[۱۲] سنن ابن ماجۃ: ۱/ ۱۰۹

[۱۳] عمل الیوم واللیلۃ: ۱۸

[۱۴] سنن ابن ماجۃ: ۱/ ۱۱۰

[۱۵] عمل الیوم واللیلۃ: ۲۲

[۱۶] سنن الترمذی: ۵/ ۴۲۷

(۱۵) مصیبت زدہ کو دیکھ کر یہ دعا پڑھیں

الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ عَافَانِيْ مِمَّا ابْتَلَاكَ بِهِ، وَفَضَّلَنِيْ عَلٰى كَثِيرٍ مِمَّنْ خَلَقَ تَفْضِيْلًا[۱۷]

ترجمہ: تمام تعریفیں اللہ ﷻ کے لئے ہیں جس نے مجھے اس چیز سے عافیت عطا فرمائی جس میں آپ کو مبتلاء کیا، اور مجھے اپنی تمام مخلوقات میں فضیلت عطا فرمائی۔

(۱۶) کرب وبے چینی کے وقت کی دعا

لَا إِلَهَ إِلَّا اللّٰهُ الْحَلِيْمُ الْحَكِيْمُ، لَا إِلَهَ إِلَّا اللّٰهُ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ، لَا إِلَهَ إِلَّا اللّٰهُ رَبُّ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ وَرَبُّ الْعَرْشِ الْكَرِيْمِ[۱۸]

ترجمہ: نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے جو بردبار اور حکمت والا ہے، نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے جو عرشِ عظیم کا رب ہے، نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے جو آسمانوں اور زمین کا رب ہے اور عرشِ کریم کا رب ہے۔

(۱۷) سفر میں جانے کی دعا

اللَّهُمَّ أَنْتَ الصَّاحِبُ فِي السَّفَرِ، وَالْخَلِيْفَةُ فِي الْأَهْلِ، اللَّهُمَّ اصْحَبْنَا بِنُصْحِكَ، وَاقْلِبْنَا بِذِمَّةٍ، اللَّهُمَّ ازْوِ لَنَا الْأَرْضَ وَهَوِّنْ عَلَيْنَا السَّفَرَ، اللَّهُمَّ إِنِّيْ أَعُوْذُ بِكَ مِنْ وَعْثَاءِ السَّفَرِ وَكَآبَةِ الْمُنْقَلَبِ[۱۹]

ترجمہ: اے اللہ! تو سفر میں ساتھی ہے اور گھر والوں میں خلیفہ ہے۔ اے اللہ! تو اپنی خیر خواہی کے

---

[۱۷] سنن الترمذی: ۵/ ۴۳۰

[۱۸] سنن الترمذی: ۵/ ۴۳۴

[۱۹] سنن الترمذی: ۵/ ۴۳۷

ساتھ ہمارا ساتھی بن اور ہمیں ذمے اور حفاظت کے ساتھ واپس لوٹا۔ اے اللہ! ہمارے لیے زمین کو سکیڑ دے اور ہم پر سفر آسان کر دے۔ اے اللہ! بے شک میں سفر کی مشقت سے اور بُرا لوٹنے سے تیری پناہ لیتا / لیتی ہوں۔

سُبْحَانَ الَّذِيْ سَخَّرَ لَنَا هَذَا وَمَا كُنَّا لَهُ مُقْرِنِيْنَ، وَإِنَّا إِلَى رَبِّنَا لَمُنْقَلِبُوْنَ[20]

ترجمہ: پاک ہے وہ ذات جس نے اس (سواری) کو ہمارے لیے مسخّر کر دیا حالاں کہ ہم اس کو قابو میں نہیں لا سکتے تھے، اور بے شک ہم اپنے ربّ کی طرف لوٹ کر جانے والے ہیں۔

(۱۸) کسی جگہ مثلاً اسٹیشن، بس اڈہ یا ائیر پورٹ وغیرہ میں اترنے کی دعا

أَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللهِ التَّامَّاتِ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ[21]

ترجمہ: میں اللہ کے پورے کلمات کی پناہ مانگتا / مانگتی ہوں، ہر اس چیز کے شر سے جو اس نے پیدا کی ہے۔

(۱۹) سفر سے واپسی کی دعا

آئِبُوْنَ تَائِبُوْنَ عَابِدُوْنَ لِرَبِّنَا حَامِدُوْنَ[22]

ترجمہ: ہم لوٹنے والے ہیں، توبہ کرنے والے ہیں، عبادت کرنے والے ہیں، اپنے رب کی تعریف کرنے والے ہیں۔

(۲۰) گدھے کی آواز سن کر یہ دعا پڑھیں

---

[20] عمل الیوم واللیلۃ: ۴۴۸

[21] سنن الترمذی: ۵ / ۴۳۶

[22] سنن الترمذی: ۵ / ۴۳۸

أَعُوْذُ بِاللهِ مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيْمِ[٢٣]

ترجمہ: میں اللہ تعالیٰ کی پناہ مانگتا / مانگتی ہوں شیطان مردود سے۔

(۲۱) غصہ کے وقت کی دعا

أَعُوْذُ بِاللهِ مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيْمِ[٢٤]

ترجمہ: میں اللہ تعالیٰ کی پناہ مانگتا / مانگتی ہوں شیطان مردود سے۔

(۲۲) بلندی پر چڑھتے وقت کی دعا

اَللهُ اَكْبَرُ[٢٥]

ترجمہ: اللہ ﷻ سب سے بڑے ہیں۔

(۲۳) نیچے اترتے وقت کی دعا

سُبْحَانَ اللهِ[٢٦]

ترجمہ: میں اللہ ﷻ کی پاکی بیان کرتا / کرتی ہوں۔

(۲۴) افطار سے پہلے کی دعا

اللَّهُمَّ لَكَ صُمْتُ، وَعَلٰى رِزْقِكَ أَفْطَرْتُ[٢٧]

---

[۲۳] سنن الترمذی: ۵ / ۴۵۳

[۲۴] سنن الترمذی: ۵ / ۴۴۷

[۲۵] عمل الیوم واللیلۃ: ۴۶۳

[۲۶] عمل الیوم واللیلۃ: ۴۶۳

[۲۷] سنن ابی داؤد: ۲ / ۳۰۶

ترجمہ: اے اللہ! میرے نے تیرے لئے روزہ رکھا اور تیرے دیئے ہوئے رزق سے افطار کیا۔

(۲۵) افطار کے بعد کی دعا

ذَهَبَ الظَّمَأُ، وَابْتَلَّتِ الْعُرُوْقُ، وَثَبَتَ الْأَجْرُ إِنْ شَاءَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ[۲۸]

ترجمہ:- بھوک چلی گئی، اور رگیں تر ہو گئی اور اگر اللہ عزو جل نے چاہا تو اجر ثابت ہو گیا۔

(۲۶) پسندیدہ چیز کو دیکھنے کی دعا

الْحَمْدُ لِلَّهِ الَّذِيْ بِنِعْمَتِهِ تَتِمُّ الصَّالِحَاتُ[۲۹]

ترجمہ: تمام تعریفیں اللہ ﷻ کے لئے ہیں کہ اس نعمتوں سے نیک کام پایہ تکمیل کو پہونچتے ہیں۔

(۲۷) ناپسندیدہ چیز کو دیکھنے کی دعا

الْحَمْدُ لِلَّهِ عَلٰی کُلِّ حَالٍ[۳۰]

ترجمہ: تمام تعریفیں اللہ ﷻ کے لئے ہیں ہر حال میں۔

(۲۸) کپڑے اتارتے وقت کی دعا

بِسْمِ اللهِ الَّذِيْ لَا إِلٰهَ إِلَّا هُوَ[۳۱]

ترجمہ: اللہ ﷻ کے نام کے ساتھ جس کے سوا کوئی معبود نہیں۔

---

[۲۸] عمل الیوم واللیلۃ: ۴۲۹

[۲۹] عمل الیوم واللیلۃ: ۳۳۴

[۳۰] عمل الیوم واللیلۃ: ۳۳۴

[۳۱] عمل الیوم واللیلۃ: ۲۴۰

(۲۹) کپڑے پہنتے وقت کی دعا

الْحَمْدُ لِلَّهِ الَّذِيْ كَسَانِيْ هٰذَا الثَّوْبَ وَرَزَقَنِيْهِ مِنْ غَيْرِ حَوْلٍ مِنِّي وَلَا قُوَّةٍ[۳۲]

ترجمہ: تمام تعریفیں اللہ ﷻ کے لئے ہیں جس نے مجھے یہ کپڑا پہنایا اور مجھے نصیب کیا بغیر میری کوشش اور قوت کے۔

(۳۰) نیا کپڑے پہنتے وقت کی دعا

اللّٰهُمَّ أَنْتَ كَسَوْتَنِيْ هٰذَا الثَّوْبَ فَلَكَ الْحَمْدُ، أَسْأَلُكَ مِنْ خَيْرِهِ وَخَيْرِ مَا صُنِعَ لَهُ، وَأَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّهِ وَشَرِّ مَا صُنِعَ لَهُ[۳۳]

ترجمہ: اے اللہ آپ نے مجھے نے یہ کپڑا پہنایا پس آپ کے لئے تمام تعریفیں ہیں، میں آپ سے اس کے خیر اور جس کے لئے بنایا گیا ہے اس کے خیر کا سوال کرتا / کرتی ہوں، اور میں آپ سے اس کے شر اور جس کے لئے بنایا گیا اس کے شر سے پناہ مانگتا / مانگتی ہوں۔

(۳۱) محسن کا شکریہ ادا کرتے وقت کی دعا

جَزَاكَ اللّٰهُ خَيْرًا[۳۴]

ترجمہ: اللہ ﷻ آپ کو بہترین بدلہ عطا فرمائے۔

(۳۲) چھینکتے وقت کی دعا

---

[۳۲] عمل الیوم واللیلۃ: ۲۳۹

[۳۳] عمل الیوم واللیلۃ: ۲۳۹

[۳۴] عمل الیوم واللیلۃ: ۲۴۲

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ[۳۵]

ترجمہ: تمام تعریفیں اللہ ﷻ کے لئے ہیں۔

(۳۳) چھینک سننے والا یہ دعا پڑھیں

يَرْحَمُكَ اللّٰہُ[۳۶]

ترجمہ: اللہ ﷻ آپ پر رحم فرمائیں۔

(۳۴) چھینکنے والا یہ جواب دیں

يَهْدِيْكُمُ اللّٰہُ وَيُصْلِحُ بَالَكُمْ[۳۷]

ترجمہ: اللہ ﷻ آپ کو ہدایت عطا فرمائے اور آپ کے دلوں کی اصلاح فرمائیں۔

(۳۵) آئینہ دیکھنے کی دعا

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ، اَللّٰهُمَّ كَمَا حَسَّنْتَ خَلْقِيْ فَحَسِّنْ خُلُقِيْ[۳۸]

ترجمہ: تمام تعریفیں اللہ ﷻ کے لئے ہیں، اے اللہ! جس طرح آپ نے میری صورت اچھی بنائی پس میری سیرت بھی اچھی کر دیں۔

(۳۶) قرض سے نجات کی دعا

---

[۳۵] عمل الیوم واللیلۃ: ۲۲۷

[۳۶] عمل الیوم واللیلۃ: ۲۲۷

[۳۷] عمل الیوم واللیلۃ: ۲۲۹

[۳۸] عمل الیوم واللیلۃ: ۱۳۸

اَللّٰھُمَّ اكْفِنِيْ بِحَلَالِكَ عَنْ حَرَامِكَ وَاَغْنِنِيْ بِفَضْلِكَ عَمَّنْ سِوَاكَ[٣٩]

ترجمہ: اے اللہ! مجھے اپنا حلال رزق دے کر حرام روزی سے بچالے اور اپنے فضل و کرم سے مجھے اپنے ماسوا سے بے نیاز کر دے۔

(٣٧) مریض کی عیادت کرتے وقت کی دعا

لَا بَأْسَ طَهُوْرٌ إِنْ شَاءَ اللّٰهُ[٤٠] دو بار

ترجمہ: پریشانی کی کوئی بات، اگر اللہ ﷻ نے چاہا تو شفایاب ہو جاؤ گے۔

(٣٨) نیا چاند دیکھنے کی دعا

اَللّٰھُمَّ أَهِلَّهُ عَلَيْنَا بِالْأَمْنِ وَالْإِيْمَانِ، وَالسَّلَامَةِ وَالْإِسْلَامِ، وَالتَّوْفِيْقِ لِمَا تُحِبُّ، وَتَرْضٰى , رَبُّنَا وَرَبُّكَ اللّٰهُ[٤١]

ترجمہ: اے اللہ! اسے تو ہمارے اوپر برکت اور ایمان اور سلامت اور اسلام کے ساتھ اوران اعمال کی توفیق کے ساتھ نکلا ہوا رکھ جو تجھے پسند ہیں اور جن سے تو راضی ہے، اے چاند! میرا اور تیرا رب اللہ ہے۔

(٣٩) کسی مسلمان کو ہنستا دیکھ کر یہ دعا پڑھیں

أَضْحَكَ اللّٰهُ سِنَّكَ

ترجمہ: اللہ ﷻ آپ کو ہنستا (مسکراتا) رکھیں۔

---

[٣٩] تحفۃ الذاکرین بعدۃ الحصن الحصین: ٣١٤

[٤٠] تحفۃ الذاکرین بعدۃ الحصن الحصین: ٣٢٩

[٤١] المعجم الکبیر للطبرانی: ١٢/٣٥٦

(۴۰) جب کسی کے یہاں دعوت کھائے تو یہ پڑھے

اَللّٰهُمَّ اَطْعِمْ مَّنْ اَطْعَمَنِيْ وَاسْقِ مَنْ سَقَانِيْ [٤٢]

ترجمہ: اے اللہ! جس نے مجھے کھلایا تو اسے کھلا، اور جس نے مجھے پلایا تو اسے پلا۔

(۴۱) اذان ختم ہونے کے بعد درود شریف پڑھ کر یہ دعا پڑھے

اَللّٰهُمَّ رَبَّ هٰذِهِ الدَّعْوَةِ التَّامَّةِ، وَالصَّلاَةِ القَائِمَةِ، اٰتِ مُحَمَّدَ نِالْوَسِيْلَةَ وَ الْفَضِيْلَةَ، وَابْعَثْهُ مَقَامًا مَّحْمُوْدَ نِالَّذِيْ وَعَدْتَّه،[43] اِنَّكَ لَا تُخْلِفُ الْمِيْعَادَ[٤٤]

ترجمہ: اے اللہ! اس پوری پکار کے رب اور قائم ہونے والی نماز کے رب! محمد ﷺ کو وسیلہ عطا فرما (جو جنت کا ایک درجہ ہے)، اور ان کو فضیلت عطا فرما، اور ان کو مقام محمود پر پہنچا جس کا تو نے ان سے وعدہ فرمایا ہے۔ بے شک تو وعدہ خلافی نہیں فرماتا ہے۔

(۴۲) جب بارش ہونے لگے تو یہ پڑھے

اَللّٰهُمَّ صَيِّبًا نَّافِعًا[٤٥]

---

[۴۲] معجم الکبیر للطبرانی: ۲۰/ ۲۴۲

[43] صحیح البخاري: ٦/ ٨٦

[۴۴] سنن الکبریٰ البیہقی: ۱/ ۶۰۳

[۴۵] صحیح البخاري: ۲/ ۲۸

ترجمہ: اے اللہ! اس کو بہت برسنے والا اور نفع بخش بنا۔

(۴۳) جب کوئی مصیبت پہنچے (اگرچہ کانٹا ہی لگ جائے) تو یہ پڑھے

إِنَّا لِلّٰهِ وَإِنَّا إِلَيْهِ رَاجِعُوْنَ، اَللّٰهُمَّ اَجِرْنِيْ فِيْ مُصِيْبَتِيْ، وَاخْلُفْ لِيْ خَيْرًا مِّنْهَا[46]

ترجمہ: بے شک ہم اللہ ہی کے لئے ہیں، اور ہم اللہ ہی کی طرف لوٹنے والے ہیں، اے اللہ! میری مصیبت میں مجھے اجر دے، اور اس کے بدلے میں مجھے اس سے اچھا بدل عنایت فرما۔

(۴۴) نیا پھل کھانے کی دعا۔

اَللّٰهُمَّ بَارِكْ لَنَا فِى ثَمَرِنَا وَبَارِكْ لَنَا فِى مَدِينَتِنَا وَبَارِكْ لَنَا فِى صَاعِنَا وَبَارِكْ لَنَا فِى مُدِّنَا [47]

ترجمہ: اے اللہ! ہمیں ہمارے پھلوں میں برکت دے اور ہمیں ہمارے شہر میں برکت دے، اور ہمارے غلّہ ناپنے کے پیمانوں میں برکت دے۔

تمت بحمدللہ و بتوفقیه و بعونه و الحمد لله رب العالمين على ذلک

بوقت ا بج کر ۸ منٹ شبِ منگل

[46] صحیح مسلم: ۲/ ۶۳۱

[47] صحیح مسلم: ۲/ ۱۰۰۰

مصادر و مراجع

نمبر شمار	نام کتاب	نام مصنف	وفات	سن اشاعت	مطبع
۱	تحفۃ الذاکرین بعدۃ الحصن الحصین من کلام سید المرسلین	محمد بن علی بن محمد بن عبد اللہ الشوکانی الیمنی	۱۲۵۰	۱۹۸۴ء	دار القلم- بیروت- لبنان
۲	سلاح المؤمن في الدعاء والذکر	محمد بن محمد بن علی بن همام ابو الفتح، تقیّ الدین، المعروف بابن الامام	۷۴۵	۱۴۱۴ھ	دار ابن کثیر- دمشق- بیروت
۳	سنن ابن ماجہ	ابن ماجۃ ابو عبد اللہ محمد بن یزید القزوینی	۲۷۳ ھ		دار احیاء الکتب العربیۃ
۴	سنن أبي داود	ابو داود سلیمان بن الاشعث بن اسحاق بن بشیر بن شداد بن عمرو الازدي السِّجِستاني	۲۷۵ھ		المکتبۃ العصریۃ، صیدا- بیروت
۵	سنن الترمذی	أبو عیسی محمد بن عیسی الترمذي	۲۷۹ھ	۱۹۹۶ء	دار الغرب الاسلامي- بیروت
۶	السنن الکبری	ابو بکر احمد بن الحسین بن علی البیهقی	۴۵۸ ھ	۱۴۲۴ھ	دار الکتب العلمیۃ، بیروت- لبنان

٧	صحیح البخاری	ابو عبد اللہ محمد بن اسماعیل بن ابراھیم بن المغیرۃ ابن بردزبہ البخاری الجعفی	٢٥٦ھ	١٤٢٢ھ	دار طوق النجاۃ– بیروت
٨	صحیح مسلم	ابو الحسین مسلم بن الحجاج القشیری النیسابوری	٢٦١ھ	١٣٧٤ھ	دار احیاء التراث العربی بیروت
٩	عمل الیوم واللیلۃ سلوک النبی مع ربہ عزوجل ومعاشرتہ مع العباد	احمد بن محمد بن اسحاق بن ابراھیم بن اسباط بن عبد اللہ بن ابراھیم بن بُدَیح الدِّیْنَوَرِيُّ، المعروف بابن السُّنِّی	٣٦٤ھ		دار القبلۃ للثقافۃ الاسلامیۃ ومؤسسۃ علوم القرآن– جدۃ / بیروت
١٠	المعجم الکبیر	سلیمان بن احمد بن ایوب بن مطیر اللخمی الشامی، ابو القاسم الطبرانی	٣٦٠ھ	١٤١٥ھ	دار الصمیعی– الریاض